٩٢٢٦٩/٢ ٥١٣٢٧

بحسب السعی بشفی
امین المصطفیٰ آزاده و

لله الحمد والمنة که درین آوان میمنت قران این مقاله منیفه و عجاله لطیفه الموسوم

[illegible] السید مولوی جامع المعقول والمنقول حاوی الفروع والاصول

شرح جوشن صغیر
اردو

بمقام لکهنؤ در محله فراشخانه وزیر گنج بتاریخ ۲۷ ماه جمادی الاول سنه ۱۳۱۱ هجری

در مطبع اثنا عشری سید علی
عالی جلیه طبع پوشید

دیباچہ شرح جوشن صغیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اما بعد الحمد لہ ٭ والصلوٰۃ علی نبیّنا وشفیعنا محمّد کما اعدّ لہ ٭ والسلام
من السّلام علی وصیّہ وآلہ الذین نصّ علی خلافتہم وھدّ من ردّہ
وبدّلہ ٭ فھذا جوشن صغیر ٭ انزلہ علی البشیر النذیر ٭ ووعد المتوسّل
بہ باجابۃ ما سئلہ وسعی واجتھد وجدّ لہ مخفی نرہے کہ ایک مدت
سے سعید ازلی سید علی نقی سلمہ اللہ العلی ابن الفاضل المتوغل فی العلوم لمنتقل
الی جوار رحمۃ ربہ القیّوم اخی المعظم المولوی السید امام المرحوم کہ ابن عم حقیقی اس
نحیف کے تھے مستدعی تھے کہ فوائد جوشن صغیر مع جوشن صغیر با ترجمہ وبیان اعراب
الفاظ لکھے جاویں تا پڑھنے والیکو لفظوں مین اوسکے اشتباہ نرہے بناءً علیہ اس
اضعف العباد سید علی حسن ابن العالم العامل والورع الباذل الفاقد
نظیرہ فی البراعہ امام الجمعہ والجماعہ مولوی السید غلام امام حلہ
اللہ دار المقام نے درحال ابتلا بآلام واسقام وسوانح وحوادث ایام بتعجیل تمام
لکھا اور بعض امور کو علاوہ اوسکے حسب استدعائے احباب اضافہ کیا اب عزیز
موصوف وجملہ مومنین سے امید ہے کہ اس عاصی کو بوقت دعا دعا سے فراموش

نفرماوین اور احیاناً اگر کسی مقام پر خطا کو دیکھین تو جناح اصلاح سے چھپاوین فما
ابرّی من الخطاء نفسی حتی احلّ برمسی ومن اللہ التوفیق کلما اصبح
وامسی واسئلہ ان یجعل غدی خیرا من امسی واضح ہو کہ جوشن
بمعنی زرہ ہے چونکہ پڑہنا اسکا باعث حفظ ہے آفات سے جسطرح جسے زرہ حافظ
جسم ہوتی ہے جراحات سے لہذا نام اسکا جوشن ہے جناب امیر المومنینؑ غالب
کل غالب اماماً بالحق علی ابن ابیطالب علیہ السلام سے منقول ہے کہ فرمایا اوس
جناب نے حضرت امام حسین خامس آل عبا سید الشہدا علیہ السلام سے کہ اے
فرزند میرے آگاہ ہو کہ مین تمہین تعلیم کرتا ہون ایک بہید کو اسرار خدا سے کہ مجھے
تعلیم فرمایا ہے اوسی جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے اور یہ ایسا راز ہے کہ
کوئی اوسپر مطلع نہین ہوا اور وہ یہ ہے کہ فرمایا حضرت رسولخداؐ نے کہ حضرت جبرئیل
میرے پاس آئے بروز احد اور اوس دن گرمی بشدت تھی اور وہ روز ہولناک تھا اور
جناب رسولخداؐ جو زرہ پہنے ہوئے تھے بسبب شدت حرارت کے ایسی گرم ہو گئی
تہی کہ اوسکے پہننے کی تاب نہ تہی پس حضرت نے سر مبارک کو طرف آسمان کے
بلند کیا اور دعا فرمائی پس دروازے آسمان کے کھل گئے اور حضرت جبرئیل نور کا
طوق پہنے ہوے آئے اور حضرت پر سلام کیا آپنے جواب سلام دیا پس کہا حضرت
جبرئیل نے کہ حق تعالیٰ نے آپ کو سلام اور مخصوص بہ تحیت واکرام فرمایا ہے
اور ارشاد کیا ہے کہ اپنی زرہ کو اوتار دیجے اور اس دعا کو پڑہیے کہ پڑہنا اور ساتھ رکھنا
اسکا مثل زرہ کے ہے پس مینے کہا کہ یہ دعا میرے واسطے مخصوص ہے یا میری
امت کیواسطے بھی ہے حضرت جبرئیل نے کہا یا رسول اللہ یہ ہدیہ من جانب خدا
آپکے لئے اور آپکی امت کے لئے ہے حضرت نے فرمایا کہ اے جبرئیل ثواب اس
دعا کا کیا ہے جبرئیل نے کہا کہ یا رسول اللہ ثواب اسکا سوائے خدا کے کوئی نہین

جانتا جو شخص کہ اس دعا کو پڑہے جبکہ گھر سے باہر جانیلگے بوقت صبح یا بوقت عشا
خدا اوسکو ثواب اون نیک عملونکا عطا کریگا جو توریت وانجیل وزبور وفرقان
وصحف ابراہیم مین مذکور ہین اور حق تعالی اوسکو بعوض ہر حرف کے دو
حورین عنایت فرماتا ہے اور جب وہ فارغ ہوتا ہے پڑہنے سے تو حقتعالے
اوسکے لئے گھر بہشت مین بناتا ہے اور ثواب اوسکو بعدد حروف توریۃ
وانجیل وزبور وفرقان عظیم کے عطا کرتا ہے یا رسول اللہ قسم اوس
خدا کی جسنے آپ کو پیغمبر کیا ہے کہ حق تعالیٰ اوسکو عطا کرتا ہے ثواب حضرت
ابراہیم وحضرت موسیٰ وحضرت عیسےٰ اور آپکا تحقیق کہ پشت مغرب
مین زمین سفید ہے کہ اوسمین ایک خلق ہے مخلوقات خدا سے کہ وہ
مشغول بعبادت خدا رہتے ہین اور نا فرمانی خدا نہین کرتے اور اونکے
گوشت اور چہرے روتے روتے پاش پاش وخراشیدہ ہوگئے ہین
وحی کی حق تعالی نے طرف اونکے کہ کیون روتے ہو حال آنکہ تمنے میرے
نافرمانی برابر چشم زدن کے بہی نہین کی عرض کی اونہون نے کہ رونا ہمارا
بسبب خوف غضب وعذاب کی ہے جناب امیر علیہ السلام نے عرض کی
کہ اونکے درمیان مین ابلیس اور فرزند آدم نہین ہے حضرت نے فرمایا
کہ قسم اوس خدا کی جس نے مجھے پیغمبر کیا اونکو یہ بہی نہین معلوم کہ خدا نے آدم
وابلیس کو پیدا کیا ہے اور اونکا شمار سواے خدا کے کسیکو معلوم نہین
اور پہرنا آفتاب کا اونکے شہرون مین چالیس دن ہے وہ لوگ نہ کہاتے ہین
نہ پیتے ہین اور حق تعالی صاحب کو اس دعا کے ثواب اونکے عدد اور عبادتکا
عطا فرماتا ہے جو شخص کہ اسی لکہے ظرف طاہر مین آب باران وزعفران سے
اور دہو کر پیئے حق تعالی اوسکے بدن سے ہر درد کو زائل فرماتا ہے اور ہر بیماری سے

صحت عطا کرتا ہے جو شخص کہ اسے شب کو پڑہے حق تعالی طرف اوسکے توجہ فرماتا ہی
اور بہ نظر شفقت دیکھتا ہے اور سب حاجتین دنیا اور آخرت کی اوسکی برلاتا ہے اور
اوس سے شر شیاطین اور اونکے کیدون کو دفع کرتا ہے اور اوسکے اعمال کو قبول
فرماتا ہے اور اوسکے مال کو پاک کرتا ہے یہانتک کہ فرمایا کہ اگر کوئی بندہ پڑہے
اس دعا کو بہ نیت صادق و یقین واثق ستر مرتبہ اون لوگون پر کہ جنکو برص اور
جذام اور جنون ہو تو ہر آئینہ مین اونکو صحت دون اور بلاؤن کو اونکے بدنون سے دور
کرون اگر اس دعا کو لکہین کسی جام مین کافور اور مشک سے اور دہو کر چہڑکین
کفن میت پر تو حق تعالی اوسکی قبر مین لاکہ نور نازل فرماویگا اور ہول منکر و نکیر
اوسے نہ پہونچے گا اور عذاب قبر سے محفوظ رہیگا اور ستر ہزار فرشتہ بہیجے گا کہ ہر ایک
کے ہاتہ مین ایک طبق نور کا ہوگا کہ اوس پر نثار کرینگے اور لیجاوینگے اوسے بہشت
مین اور کہین گے کہ ہمنے بفرمان حق تعالی اسکو کیا ہے اور ہم تیرے مونس ہینگے
قیامت تک اور خداوند عالم اوسکی قبر کو وسیع کریگا جہانتک کہ نگاہ اوسکی کام کرے
اور دروازہ بہشت اوسکے واسطے کشادہ کریگا اور حق تعالی فرماتا ہے کہ مجھے شرم
آتی ہے اوس بندہ سے کہ یہ دعا اوسکے کفن پر ہو یہانتک کہ فرمایا کہ جو شخص اس دعا کو
پڑہے معین فرماتا ہے حق تعالی دو فرشتون کو کہ اوسکو محفوظ رکہتے ہین گناہون سے
اور حافظ رہتے ہین بلاؤن سے اور فرمایا حضرت جبرئیل نے کہ یا رسول اللہ اس
دعا کو تعلیم نفرمائیگا مگر اوسیکو جو مومن ہو اور مستحق ہو اسکا کہ اسکے حفظ مین توقف
نکرے اور استہزا ساتہ اسکے عمل مین نہ لاوے اور بہ نیت خالص پڑہے اور حال
طہارت مین اسے اپنے پاس رکہے فرماتے ہین جناب سید الشہدا عم کہ یہ دعا سریع
الاجابت ہے فرمایا رسول خدا نے کہ یا علی اسے تعلیم کرو اپنے اولاد کو اور رغبت
دلاؤ اپنی اولاد کو طرف اس دعا کے کہ اسکے ساتہ توسل کرین طرف خدا کے اور

اقرار کرین اوسکی نعمت کا اور مینے حرام کیا ہے اوپر کہ کسیکو یہ دعا دیوین اسلئے کہ اسکے ساتھ جو کوئی کسی حاجت کو طلب کریگا حق تعالی اوسکو عطا کریگا اور محفوظ رکھیگا بلاؤن سے یا علی اس دعا کی فضیلتین اتنی جبرئیل نے مجھ سے بیان کین کہ میرے بیان سے باہر ہین اور سوائے خدا کے کوئی جان نہین سکتا۔

آغاز شرح دعاء جوشن صغیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلٰهِي كَمْ مِنْ عَدُوٍّ اِنْتَضٰى عَلَيَّ سَيْفَ عَدَاوَتِهٖ ش اِلٰه بروزن فعال بکسر فا و فتح عین کے ہے بمعنی مالوہ یعنی معبود کے جسطرح کتاب بمعنی مکتوب کے ہے اور منادی ہے یا حرف ندا یہان سے محذوف ہے اور یائے تحتانی یہان الہی مین متکلم کی ہے اور الله مضاف طرف اوسکے ہے اور بسبب مناسبت یا کی ھا کو کسرہ دیا اور کم بفتح (کاف) وسکون (میم) اسم ناقص و مبنی علی السکون ہے اور اسمقام پر خبریہ ہے اور (من) جارہ ہے کہ تمیز پر کم خبریہ کے اکثر داخل ہوا کرتا ہے بسبب اسکے کہ موافق ہے اوس حرکت جر کے جو تمیز کو بجہت اضافت کم کے طرف اوسکے ہوتا ہے عَدُوٍّ بروزن فعول بفتح (فا) وضم (عین) وسکون (واو) وتنوین لام بمعنی اسم فاعل یعنی عداوت کرنیوالا یہ تمیز ہے (کم) کی لفظ عدو کے آخر مین کسرہ مع التنوین ہے اور نون ساکن تنوین کا مکسور ہوکر نون بلکن لفظ انتضی کے بعد سقوط ہمزہ وصل پایگا اِنْتَضٰى بکسر (ہمزہ) وسکون (نون) وفتح (تاے فوقانی) و (ضاد معجمہ)

و (الف) ساکن صیغہ فعل ماضی ہے باب افتعال سے مصدر اسکا انتضاء ہے بمعنی کھینچنے
ونکالنے کے اسکا ہمزہ چونکہ موضع لام پر متحرک تھا اور واقع ہوا بعد متحرک کے اسلئے حرف
یاسے بدل گیا اور یا بسبب متحرک ہونے ماقبل کے الف ہوگئی ضمیر فاعل کی اسمین مستتر ہے
علیّ مرکب ہے (علی) سے اور (یائے متکلم) سے پس (علی) حرف جار و (یائے متکلم) مجرور متعلق
بفعل مذکور ہے سیف بفتح (سین مہملہ) وسکون (یائے تحتانی) وفتح (فا) مفعول ہے فعل
مذکور کا اور مضاف ہے طرف لفظ عداوت کے عداوته بفتح (عین مہملہ) و (دال مہملہ)
وسکون (الف) وفتح (واو) وکسر (تاے فوقانی) و (ضمیر) اس لفظ مین **عداوت**
مضاف الیہ ہے سیف کا اسلئے تائے تانیث جو اسمین ہے مکسور ہے اور پھر بھی لفظ
عداوتکا مضاف ہے طرف ضمیر کے اسلئے ضمیر کو بھی کسرہ ہے **ترجمہ** اے معبود میرے
کتنے دشمن کہ کھینچا اونہون نے اوپر میرے شمشیر عداوت کو اپنی یعنی بہت دشمنون
نے مجھسے عداوت کی **وَشَحَذَ لِی ظُبَةَ مُدْیَتِهٖ** **ش** (واو) عطف شَحَذَ
بفتح (شین معجمہ) و (حائے حطی) و (ذال معجمہ) بروزن فَتَحَ صیغہ ماضی معروف بمعنی
تیز کیا اس مین ضمیر فاعل کی پوشیدہ ہے ظُبَةَ بضم (ظائے معجمہ) و (فتح)
بائے موحدہ) و (تائے تانیث) اسکے معنی **باڑھ** کے ہین اور یہ مفعول فعل کا ہے
اور مضاف ہے مُدْیَتِهٖ کیطرف اسمین بھی تائے تانیث کو اور ضمیر کو دونوکو
کسرہ ہے اسلئے کہ اسمین لفظ مُدْیَتِهٖ کا مضاف الیہ ظُبَةَ کا ہے اور پھر مُدْیَة
مضاف طرف ضمیر کے ہے اور مُدْیَتِ بضم (میم) وسکون (دال مہملہ) وفتح (یائے
تحتانی) وکسر (تائے فوقانی) بمعنی **چھری وکارد کلان** کے **ترجمہ** اور تیز کیا
اون دشمنون نے واسطے میرے باڑھ کو اپنے کارد کلان کے **وَاَرْهَفَ لِیْ**
شَبَاحَدِّهٖ **ش** (واو) عطف **اَرْهَفَ** بفتح (ہمزہ) وسکون (رائے مہملہ) وفتح
(ہائے ہوز) و (فا) صیغہ فعل ماضی معروف باب افعال سے ہے مصدر اس کا

ارهاف ہے بمعنی **باریک** کرنیکے شبا بفتح (شین معجمہ) وبفتح (بائے موحدہ)
وسکون (الف) جمع شباۃ بمعنی **تیزی** کے مفعول ومضاف بطرف حد کے
کہ وہ مضاف ہے بطرف ضمیر کے **حَدِّہٖ** بفتح (حائے حطی) وتشدید (دال مہملہ مجرور
وا ضمیر) بکسور مضاف الیہ **ترجمہ** یعنی باریک کیا تیز ہونیکو اوسکی باڑھ کے مقصود
اوس سے کنارہ ہے باڑہ کا جو شمشیر مین ہوتا ہے **وَدَافَ لِیْ قَوَاتِلَ سُمُوْمِہٖ ش**
(واو) عطف (داف) بفتح (دال مہملہ) وسکون (الف) وفتح (فا) صیغہ فعل ماضی معروف
مشتق ہے دوف سے جو بمعنی **مخلوط** کرنیکے اور **تر** کرکے ملانیکے ہے اس مین
ضمیر فاعل کی پوشیدہ ہے (لِیْ) بکسر (لام) وسکون (یائے تحتانی) اسمین لام جار ہے
اور یائے متکلم مجرور متعلق بفعل مذکور ہے **قواتل** بفتح (قاف) و (واو) وسکون (الف)
وکسر (تائے فوقانی) وفتح (لام) مفعول ومضاف طرف سموم کے **سمومہ** بضم
(سین مہملہ) و (میم) وسکون (واو) وکسر (میم) ثانی و (ضمیر) اسمین لفظ سموم
مضاف الیہ ہے اور پھر مضاف ہے طرف ضمیر کے اسلئے کہ سموم کو اور ضمیر کو
دونو کو کسرہ ہے **ترجمہ** اور ملایا واسطے میرے زہرون کو جو ہلاک کرنیوالے ہین
وَسَدَّدَ نَحْوِیْ صَوَائِبَ سِہَامِہٖ ش (واو) عطف سدد بفتح (سین
مہملہ) و (دال مہملہ مشدد) مفتوح وبفتح (دال مہملہ) ثانیہ صیغہ فعل ماضی معروف
مشتق ہے سداد السہم سے یعنی سیدھا جانا تیر کا اسمین ضمیر فاعل کی پوشیدہ
ہے نحوی بفتح (نون) وسکون (حائے حطی) بمعنی **سمت وجانب** وکسرہ
واو وسکون یائے متکلم صوائب بفتح (صاد مہملہ) و (واو) وسکون (الف)
وکسر (ہمزہ) وفتح (بائے موحدہ) جمع ہے صائب کی مفعول ہے فعل کا اور مضاف
ہے طرف سہام کے معنی اسکے **نشانہ پر پہونچنے والے** ہین سہامہ بکسر (سین
مہملہ) وفتح (ہائے ہوز) وسکون (الف) وکسر (میم) و (ضمیر) جمع ہے سہم کی

اور اسمین لفظ سہام مضاف بجانب ضمیر ہے اور مضاف الیہ صوائب کا ہے
اسیواسطے میم کو سہام کے اور ضمیر کو دونو کو کسرہ ہے **ترجمہ** اور سیدہے گئے
اون دشمنون نے طرف میرے اون تیرونکو جو نشانہ پر پہونچنے مین خطا نہین کرتے
وَلَمْ تَنَمْ عَنِّيْ عَيْنُ حِرَاسَتِهٖ (واو) عطف لم بفتح (لام) وسکون (میم) تنم بفتح
(تائے فوقانی) و (نون) وسکون (میم) فعل عَنِّيْ بفتح (عین مہملہ) وکسر (نون مشدد)
وسکون (یائے تحتانی) عَيْنُ بفتح (عین مہملہ) وسکون (یائے تحتانی) وضم (نون) فاعل فعل
ہے بمعنی چشم حِرَاسَتِهٖ بکسر (حائے حطی) وفتح (رائے مہملہ) والف ساکن وفتح
(سین مہملہ) وکسر (تائے فوقانی) و (ضمیر) اسمین دو لفظ ہین ایک حراست جو بمعنی حفاظت
ہے اور دوسری ضمیر لفظ حراست مضاف ہے طرف ضمیر کے اور پہر مضاف الیہ عین کا
ہے اسی لئے تائے حراست کو اور ضمیر کو دونو کو کسرہ ہے **ترجمہ** اور نہ غافل ہوئی میری
طرف سے آنکھ اوسکی حفاظت کی یعنی ہمیشہ زیر نظر عداوت رکہتا تہا **وَاَضْمَرَ اَنْ يَّسُوْءَنِيَ**
الْمَكْرُوْهَ ش (واو) عطف اضمر بفتح (ہمزہ) وسکون (ضاد معجمہ) وفتح (میم) و (رائے
مہملہ) صیغۂ فعل ماضی معروف مصدر اسکا اضمار ہے باب افعال سے بمعنی پوشیدہ
رکہنی کسی چیز کے دل مین ضمیر اسمین فاعل کی پوشیدہ ہے اَنْ يَّسُوْءَنِيْ
بفتح (ہمزہ) وسکون (نون) وفتح (یائے تحتانی) وضم (سین) وسکون (واو) وفتح (میم
وکسر (نون وقایہ) وسکون (یائے تحتانی متکلم) اسمین ضمیر فاعل کی ہے اور مفعول اول
اسکا یائے متکلم ہے المکروہ بفتح (میم) وسکون (کاف) وضم (رائے مہملہ) وسکون
(واو) وفتح (ہائے ہوز) مفعول دوسرا ہے بمعنی بدی و رنج کے **ترجمہ** یعنی دل مین
پوشیدہ کیا اوس دشمن نے کہ ایذا رسانی میری کرے ساتھ آلام کے **وَيُجَرِّعَنِيْ**
زُعَاقَ مَرَارَتِهٖ ش (واو) عطف یجرّعنی مرکب ہے (یجرّع) اور (نون وقایہ)
اور (یائے متکلم) سے اور یُجَرِّعُ صیغۂ فعل مضارع کا ہے باب تفعیل سے آخر اسکا

بسبب عطف کے منصوب ہے اور فاعل اسکا پوشیدہ ہے اسمین یاے متکلم مفعول
کی ہے کہ پہلا مفعول ہے مصدر اسکا تجریع ہے بمعنی گھونٹ گھونٹ پلانیکی
زعاق بضم (زاے معجمہ) وفتح (عین مہملہ) وسکون (الف) وفتح (قاف) بمعنی آب
تلخ وغلیظ کہ پینا اوسکا دشوار ہو مفعول دوسرا ہے اور بعض نسخون مین
بجاے زعاق زعاف بروزن (غراب) ہے بمعنی سمّ زود قاتل مرارتہ
بفتح (میم) و (راے مہملہ) وسکون (الف) وفتح (راے مہملہ) وکسر (تاے فوقانیہ)
وضمیر) مرکب ہے مرارت سے اور ضمیر سے بمعنی تلخی سکے ترجمہ اور مخفی کیا اپنے
دل مین کب مجھے گھونٹ گھونٹ یعنی جرعہ جرعہ شدت کو اوسکے کڑواہٹ کے پلاوے
یعنی ساعت بساعت میری سخت ایذا رسانی کرے اور اوس سے مجھے مہلت
ندیوے یا زہر جو جلد قاتل تھا اوسکی کڑواہٹ کو جرعہ جرعہ مجھے دیوے کہ مجھے جلد
ہلاک کرے فَنَظَرْتَ يَا اِلٰهِيْ اِلٰى ضَعْفِيْ عَنِ احْتِمَالِ الْفَوَادِحِ **ش** فنظرت
مرکب ہے فاے تفریع سے کہ بمعنی تعقیب ہے یا بمعنی واو کے ہے اور نظرت
ہے بفتح (نون) و (ظاے معجمہ) وسکون (راے مہملہ) و (تاے فوقانی) مفتوح سے
کہ اوپر وزن فعلت مفتوح العین کے کہ صیغہ واحد حاضر فعل ماضی ہے يَا اِلٰهِيْ اِلٰى
ضَعْفِيْ (اِلٰى حرف جار) ضعفی) لفظ ضعف مجرور ہے جار کا اور مضاف ہے
طرف یاے متکلم کے) عَنِ احْتِمَالِ مرکب ہے لفظ عَنْ سے) اور لفظ اِحْتِمَال
سے (عین) کو عَنْ کے فتحہ) اور نون کو اوسکے کسرہ ہے بسبب اسکے کہ احتمال کا
ہمزہ وصلی گر جاویگا اور نون اوسکی جاے حطی مین ملایا جاویگا لفظ احتمال مصدر ہے
بروزن افتعال اور اسکا آخر مکسور ہے بسبب حرف جار کے اور مضاف ہے اَلْفَوَادِحِ
مرکب ہے الف ولام سے کہ یہ دونو ساکن ہین) اور فوادح سے کہ وہ جمع ہے فادحہ)
کی اسکی معنی ثقیل اور گرانکے ہین ترجمہ پس نظر کیا تونے اے معبود میری طرف

میرے ضعف کے اوٹھانیسے گرانی اون آلام ومکارہ کی یعنی جب میرے دشمن کی یرش کا حال میرے اوپر اسطرح ہوا تو نگاہ عنایت وکرم سے دیکہا تو نے مجھے کہ مین اسقدر ضعیف ہون کہ طاقت اوٹھانیکی ایسی بار گران آلام کی نہین رکہتا وَعَجْزِي عَنْ مُلِمَّاتِ الْحَوَائِجِ ش (واو) عطف (عجزی) مرکب ہے عجز سے بفتح عین) وسکون جیم (وزاے معجمہ مکسورہ) اوریاے متکلم سے) عَنْ (حرف جار مُلِمَّاتِ) بضم میم اول وکسر لام وتشدید میم ثانی مفتوح وتاے مثناۃ فوقانی مکسور جمع مُلِمَّۃ بمعنی رنج دینے والے اَلْحَوَائِج الف لام ساکن حاے حطی وواو مفتوح) والف ساکن) وہمزہ مکسورہ) وجیم مکسور ترجمہ اور خداوندا دیکہا تو نے کہ مین عاجز ہون اپنی اون حاجتون مین کہ جس مین مشقت اور الم زاید ہے وَقُصُورِي عَنِ الْاِنْتِصَارِ مِمَّنْ قَصَدَنِي بِمُحَارَبَتِهِ ش واو عطف قصوری (مرکب ہے (قصور) بضم قاف وصاد مہملہ وسکون) واو) وکسر راے مہملہ ویاے متکلم سے عَنِ الْاِنْتِصَارِ اسمین عَنِ بفتح عین وکسر نون ہے کہ وصل کیا گیا ہے لام سے جو بعد الف کے لفظ الْاِنْتِصَارِ مین ہے اور انتصار مصدر ہے بروزن افتعال جسکے معنی انتقام وعوض وداد لینے کے ہین مِمَّنْ میم اول مکسور ہے) و(میم ثانی مشدد) مفتوح) ونون (ساکن) قَصَدَنِي) بفتح) قاف (و) صاد مہملہ و دال مہملہ) وکسرہ) نون (وقایہ و) یاے متکلم) ساکن صیغہ فعل ماضی اسمین ضمیر فاعل کی اور یاے متکلم اوسکا مفعول بِمُحَارَبَتِهِ) باے موحدہ (مکسور حرف جار) محاربۃ (مصدر ہے باب مفاعلہ سے) آخر اسکا مجرور ہے بحرف جار اور یہ لفظ مضاف ہے طرف ضمیر کے کہ وہ بھی مکسور ہے ترجمہ اور خداوندا ملاحظہ کیا تو نے میرے قاصر ہونیکو انتقام لینے سے اوس شخص سے کہ جسنے قصد کیا میرا ساتھ اپنے محاربہ کے یعنی تو نے یہ ملاحظہ فرمایا کہ مین بدلا نہین لے سکتا اوس شخص سے جس نے میرے ساتھ قصد جنگ کیا ہے وَوَحْدَتِي فِي كَثِيرِ عَدَدِ مَنْ نَاوَانِي ش واو) عطف (وَحْدَتِي مرکب

وحدت سے اور یاے متکلم سے) فی (حرف جار) کثیر (بفتح کاف وکسر ثاے مثلثہ
وسکون یاے تحتانی وکسر راے مہملہ مجرور و مضاف) عِدَادِ (بفتح عین مہملہ و
دال مہملہ (اولی) وکسرہ (دال ثانیہ) مضاف الیہ اور مضاف) مَنْ نَاوَانِی اس جملہ
مین) مَنْ (بفتح میم ونون ساکن (موصول ہے) اور (نَاوَانِی) مرکب ہے (ناوی سے
(کہ وہ صیغہ ماضی کا ہے) مناواۃ سے (بروزن مفاعلۃ کے) یعنی باب مفاعلت سے
بمعنی عداوت کرنیکے اسمین ضمیر فاعل کی ہے) (اور نون وقایہ کا ہے) اور یاے
متکلم کی اوسمین مفعول فعل ہے یہ جملہ صلہ اوسکا موصول معہ صلہ مضاف الیہ ہے ترجمہ
اور خداوندا دیکھا تونے تنہا ایکو میرے درمیان مین کثرت عدد اوس شخص جسنے مجھ سے
عداوت کی وَارْصَادِهِمْ لِی فِیْمَا لَمْ اُعْمِلْ فِیْهِ فِکْرِی فِی الْاِرْصَادِ لَهُمْ بِمِثْلِهِ
ش (واو) عطف کا) اِرْصَادِهِمْ (اسمین لفظ اِرْصَاد مصدر ہے) باب افعال سے
بکسر ہمزہ وسکون راے مہملہ وفتح (صاد مہملہ) و(الف) ساکن وبکسر (دال) مہملہ بمعنی
مہیا کرنیکے ہے اور یہ مضاف ہے طرف لفظ هم کے کہ وہ ضمیر ہے بکسر (اول) وسکون
آخر) لِی اسمین لام مکسور جار یاے متکلم ساکن ومجرور) فِیْمَا (فی) حرف جار ما موصولہ
مجرور) لَمْ اُعْمِلْ لَمْ بفتح (لام) و(میم ساکن) حرف جازم) اُعْمِلْ (بہمزہ مضموم وعین
ساکن ومیم مکسور (ولام ساکن) صیغہ فعل متکلم ہے (باب افعال سے اسمین ضمیر فاعل
کی ہے) فِیْهِ (مین (فی) حرف جار ہے اور ضمیر مکسور مجرور) فِکْرِی (بکسر (فا) وسکون
(کاف) وکسرہ راے مہملہ) ویاے متکلم ساکن) مفعول فعل ہے) فی الارصاد) مین
(فی) حرف جار) فاے مکسور اسکے (الارصاد) کے لام مین) کہ وہان الف ولام دو نو
ساکن ہین وصل ہے) اور دال اوسکی مجرور ہے) لَهُمْ (مین لام مفتوح جار ہے) هُمْ
بضم) ہا) و میم ساکن ضمیر مجرور ہے) بِمِثْلِهِ (باے موحدہ جار) مثل مجرور و مضاف) ہای
ضمیر مجرور و مضاف الیہ ترجمہ اور نظر کیا خداوندا تونے مہیا کرنیکو اوس دشمن کثیر کیواسطے

میرے اوس امر کو جسمین بیہ کوئی فکر نہ کی تھی کہ مثل اوسکے واسطے اون اعداکے مہیا کرون یعنی اون دشمنون نے اسباب واسطے میرے ایذا رسانیکی مہیا کئے تھے اور کمینگاہ مین منتظر وقت تھے اور مین غافل تھا اوسکی تدبیر دفع سے **فَاَيَّدْتَنِي بِقُوَّتِكَ** ش حرف فا واسطے تعقیب کے ہے **اَيَّدْتَ** بفتح ہمزہ و یاے تحتانی (مشدد و مفتوح و ضمیر مرفوع مفتوح صیغہ واحد حاضر فعل ماضی از باب تفعیل مصدر اسکا تائید ہے اور نون وقایہ کا اور یاے (متکلم ہے کہ مفعول اوسکا ہے **بِقُوَّتِكَ**) باے (موحدہ) مکسور جارہ **قُوَّت** بضم قاف و واو (مشدد) مفتوح و تاے تانیث مکسور کہ مضاف ہی طرف کاف خطاب کے ترجمہ پس مدد کی تونے میرے ساتھ اپنی قوت کی **وَشَدَدْتَ اَزْرِي بِنَصْرِكَ** ش واو عطف **شَدَدْتَ** بفتح (شین معجمہ) و دال (مہملہ) اولے مفتوحہ و دال (مہملہ (ثانیہ ساکنہ و) ضمیر (مرفوع مفتوح و صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی بروزن **فَعَلْتَ** مفتوح العین **اَزْرِي** مرکب ہے ازر سے بفتح (ہمزہ) و سکون (زاے معجمہ) و کسر (راے مہملہ) سے جو بمعنی **پشت** ہے اور (یاے) متکلم سے **بِنَصْرِكَ** (باے موحدہ (مکسور جار نصر بفتح (نون) و سکون (صاد) مہملہ و کسر (راے) مہملہ صیغہ مصدر ہے بمعنی مدد کرنیکے اور مضاف ہے طرف کاف خطاب مفتوح کے ترجمہ اور محکم اور قوی کیا تونے پشت کو میرے بسبب اپنی مدد کرنیکے یعنی اپنی مدد سے تونے اوس دشمن پر مجھے قوت دی **وَفَلَلْتَ لِي شَبَاحَدِّهِ** ش واو عطف **فَلَلْتَ** بفتح (فا) و (لام اول) و سکون (لام ثانی و) تاے (ضمیر مرفوع مفتوح صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی مصدر اسکا **فَلّ** ہے بمعنی **توڑنیکے** **لِي** (لام) مکسور (یاے) متکلم ساکن **شَبَاحَدِّهِ** بفتح (شین معجمہ) و باے (موحدہ و (الف) ساکن و (حاے حطی) مفتوح و (دال) مہملہ مشدد مکسور و ضمیر (مجرور ترجمہ اور شکستہ کیا تونے تیزیونکو اوسکے باڑھ کے یعنی سیف عداوت کو اوسکے تونے عاری اور کند کیا

کہ تیزی اوسکے باڑھ کی جاتی رہی وَخَذَلْتَهُ بَعْدَ جَمْعِ عَدِيدِهِ وَحَشْدِهِ ش
واو عطف خَذَلْتَهُ بفتح (خاے معجمہ) و (ذال معجمہ) مفتوح و (لام ساکن) و (تاے
فوقانی مفتوح و (ضمیر مرفوع مفتوح (وضمیر مفعول مضموم) مصدر اسکا خذلان
بکسر خاے معجمہ ہے) بمعنی ترک کرنے یاری کے (بَعْدَ) بفتح (باے موحدہ) و
سکون (عین مہملہ) و فتح (دال مہملہ) ظرف زمان ہے اور مضاف) جَمْعِ (بفتح
جیم) و سکون (میم) و کسر (عین مہملہ) مضاف الیہ و مضاف) عَدِيدِهِ بفتح
عین مہملہ (و کسر (دال مہملہ) و سکون (یاے تحتانی) و کسر (دال دوم) و ضمیر (بمعنی
شمار کردہ شدہ او) وَحَشْدِهِ (واو عطف) حَشْدِهِ (بفتح حاے حطی)
و سکون (شین معجمہ) و کسر (دال) مہملہ و (ضمیر (بمعنی جماعت کہ مستعد و مہیا
ہوں ترجمہ اور ترک کیا تو نے مدد کو اوسکے بعد اسکے کہ اوسنے جمعیت کثیر بہم
پہونچائے کہ وہ سب جمع و آمادہ و مہیا تھے واسطے میری ایذا رسانی کی وَاَعْلَيْتَ
كَعْبِي عَلَيْهِ ش واو عطف) اَعْلَيْتَ (بفتح ہمزہ) و سکون عین مہملہ و لام
مفتوحہ) و یاے تحتانی ساکن) و تاے) مثناۃ فوقانیہ ضمیر مرفوع مفتوح صیغہ واحد
مذکر حاضر (فعل ماضی) از باب افعال (كَعْبِي) مرکب ہے کعب سے کہ بفتح کاف
(و سکون عین مہملہ) و کسر باے موحدہ) بمعنی شئے مرتفع کی ہے کنایہ ہے شرف
و بلندی سے) و یاے متکلم ساکن سے (عَلَيْهِ) بفتح عین مہملہ) و (لام مفتوحہ)
و سکون یاے تحتانیہ) و کسر ضمیر ترجمہ اور بلند کیا تو نے شرف کو میرے اوپر اوسکے
یعنی اوس دشمن پر تو نے مجھے شرف و بلندی عطا کی وَوَجَّهْتَ مَا سَدَّدَ اِلَيَّ
مِنْ مَكَائِدِهِ اِلَيْهِ ش واو عطف) وَجَّهْتَ (بفتح واو) و تشدید (جیم مفتوح
و سکون ہاے ہوز (و فتح) تاے مثناۃ فوقانی (مشتق توجیہ سے) بمعنی متوجہ کی
اما موصولہ سَدَّدَ (بفتح سین مہملہ) و دال مشددہ مہملہ) اولی و دال مخففہ ثانیہ

صیغہ واحد مذکر غائب) فعل ماضی (اِلَیَّ) بکسر ہمزہ (و فتح لام) و یاے تحتانیہ مشدد
مفتوحہ (مِنْ) بکسر میم) و سکون نون (مَکَائِدِہٖ) بفتح (میم) و (کاف) و سکون
(الف) و کسر (ہمزہ) و (دال مہملہ) و (ضمیر) (اِلَیْہِ) بکسر (ہمزہ) و فتح (لام) و سکون (یاے
تحتانیہ) و کسر (ضمیر) **ترجمہ** اور کر دیا تو نے مُنہ کو اوس چیز کے کہ جسکو اپنے مکر
سے اوسنے طرف میرے سیدہا کیا تہا طرف اوسکے یعنی جن کیدونکو اوسنے میرے
واسطے مہیا کیا تہا وہی کید اوسکے سامنے اوسکے آئی اور اونمین وہ خود گرفتار ہوا اور
فِیْ مَھْوٰیْ حُفْرَتِہٖ ش واو عطف رَدَدْتَہٗ بفتح (راے مہملہ) و (دال مہملہ
اولی) و سکون (دال ثانیہ) و فتح (تاے مثناہ فوقانیہ) و ضم (ضمیر) (فِیْ) بکسر فا و سکون
یا (حرف جار) مَھْوٰی بفتح (میم) و سکون (ہاے ہوز) و فتح واو (و سکون) الف
بمعنی **قعر عظیم** کے کہ درمیان مین دو پہاڑونکے یا مثل اوسکے ہو (اور یہ لفظ
ہے) حُفْرَتِہٖ بضم (حاے حطی) و سکون (فا) و فتح راے مہملہ) و کسر (تاے تانیث
و ضمیر) مضاف الیہ ہے **ترجمہ** اور پہیر دیا تو نے اوسکو قعر مین اوسکے جو اوسکا
تہا یعنی جو گڑہا گہرا اوسنے واسطے میرے کہودا تہا اوسکو تو نے اوسمین ڈالدیا جیسا
کہ مشہور ہے کہ اپنے گڑہے مین آپ ہی گرا وَلَمْ تَشْفِ غَلِیْلَہٗ ش واو حالیہ
تَشْفِ بفتح (لام) و سکون (میم) و فتح (یاے تحتانی) و سکون (شین معجمہ) و کسر
مشتق ہے شفا سے بمعنی **تندرستی** دیے کے (غَلِیْلَہٗ) بفتح (غین معجمہ) و
(لام اول) و سکون (یاے تحتانی) و فتح (لام ثانی) و (ضم ضمیر) لَمْ تَشْفِ کا
ہے **ترجمہ** درحالیکہ صحت ندی اوسنے اپنے کینہ کے مرض کو یعنی کینہ اوسکا
نہوا اور نہ نکلا وَلَمْ یُبَرِّدْ حَرَارَۃَ غَیْظِہٖ ش واو عطف (لَمْ یُبَرِّدْ) بفتح
و سکون (میم) و ضم (یاے تحتانی) و فتح (باے موحدہ) و کسر (راے مشددہ) و
سکون (دال مہملہ) حَرَارَۃَ بفتح (حاے حطی) (راے مہملہ اولی) و سکون (الف

(یاے تحتانی) وسکون (غین معجمہ) بفتح غَیْظِہٖ (تانیث) وفتح تاے (ثانیہ مہملہ رای) وفتح
وکسر (ظاے معجمہ) و (ضمیر) ترجمہ اور نہ ٹھنڈا کیا اوسنے گرمی کو اپنی غصہ کی یعنی غصہ
اوسکا فرو نہوا وَقَدْ عَضَّ عَلیٰ اَنَامِلِہٖ ش واو) عطف (قَدْ عَضَّ بفتح
(قاف) وسکون) دال مہملہ) وفتح (عین مہملہ) و (ضاد معجمہ مشدد) عَلیٰ حرف جار) اَنَامِلِہٖ
بفتح ہمزہ) ونون) و (الف ساکن) وکسر (میم (ولام) و (ضمیر ترجمہ بتحقیق کہ کاٹا اوسنے
اور پکڑا اوسنے سر کو اونگلیونکے دانتون سے اپنی یعنی بسبب غصہ کے ناامید
ہوکر اپنی پورونکو اونگلیونکے دانتون کے نیچے دبایا وَاَدْبَرَ مُوَلِّیًا قَدْ اَخْلَفَتْ
سَرَایَاہُ ش واو) عطف) اَدْبَرَ) بفتح ہمزہ (وسکون (دال مہملہ (وفتح (باے
موحدہ) و (راے مہملہ) مشتق ادبار سے) بمعنی پیچھے ہٹنے کے مُوَلِّیًا بضم
(میم) وفتح (واو) وکسر (لام) مشدد وتنوین (یاے تحتانی) منصوب بمعنی مُنہ
پھیرنیوالا قد بفتح (قاف) وسکون (دال) اخلفت بفتح (ہمزہ) وسکون (خاے
معجمہ) وفتح (لام) و (فا) وسکون (تاے تانیث) مشتق ہے اخلاف سے جو بکسر
(ہمزہ) وسکون (خاے معجمہ) وفتح (لام) وسکون (الف) و (تنوین فا) بمعنی وعدہ
خلاف کرنیکے ہے اور بعضی نسخون مین اخفقت بجاے اخلفت کے ہے
کہ مشتق ہے اخفاق سے جو بمعنی بیحاصل پھرنے طالب کی ہے سَرَایَاہُ
بفتح (سین مہملہ) و (راے مہملہ) وسکون (الف) وفتح (یاے تحتانی) وسکون (الف
آخر) وضم (ضمیر) سرایاہ جمع سریّہ بفتح (سین مہملہ) وکسر (رای مہملہ) و (یای مشددہ مفتوحہ) وتای
تانیث بمعنی پارہ از لشکر ضمیر اس مین مضاف الیہ ہے ترجمہ اور پیچھے ہٹا وہ درحالیکہ
منہ پھیرنیوالا ہوا میری طرف سے بتحقیق کہ خلاف وعدہ کیا لشکر نے اوسکے یا بی مراد
پھرا لشکر اوسکا یعنی وہ دشمن میرا میری طرف سے پشت کرکے پھرا اور مددگارون
نے اوسکے جو وعدہ کیا تھا ایذارسانی کا میری اوسکے خلاف کیا اور بے مراد پھرے

کہ میری ایذا رسانی نکر سکے فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا یُغْلَبُ ش
فَلَکَ بفتح (فا) و (لام) و (کاف) کہ ملایا جاویگا لام ساکن ہین اَلْحَمْدُ کے جس مین
(الف) و (لام) دونو ساکن ہین اور (حاے حطی) کو فتحہ ہے اور (میم) ساکن ہے اور (دال)
کو پیش ہے یَا رَبِّ بفتح (یاے تحتانی) وسکون (الف) و (راے مہملہ) مفتوح و (باے موحدہ)
مشددہ (مکسورہ) مِنْ بکسر (میم) وسکون (نون) مُقْتَدِرٍ بضم (میم) وسکون (قاف) و
(تاے مثناۃ فوقانیہ) مفتوح و (دال مہملہ) مکسور و (راے مہملہ) مجرور کو کسرہ ہے تنوین کے
ساتھ لَا یُغْلَبُ بفتح (لام) وسکون (الف) و (یاے تحتانی) مضموم وسکون (غین معجمہ)
وفتح (لام) وضمہ (باے موحدہ) **ترجمہ** پس واسطے تیرے ہے حمد اے پروردگار صاحب
قدرت کہ کسی حال مین مغلوب نہین ہوتا **فائدہ** حمد کے معنی ثنا و صفت کرنا ہے
زبان سے بقصد تعظیم خواہ وہ ثنا کرنا بجہت نعمت کے ہو خواہ بغیر نعمت کے مثل اسکے کہ اسکے
اوصاف پر ثنا واقع ہو وَذِیْ اَنَاۃٍ لَا یَعْجَلُ ش واو عطف ذِیْ اَنَاۃٍ بکسر (ذال معجمہ)
وسکون (یاے تحتانی) وفتح (ہمزہ) و (نون) وسکون (الف) وکسر (تائے تانیث) بہ تنوین
بمعنی دیر کے لَا یَعْجَلُ بفتح (لام) وسکون (الف) وفتح (یاے تحتانی) وسکون (عین
مہملہ) وفتح (جیم) وضم (لام) صیغہ نفی فعل مضارع **ترجمہ** اور صاحب تاخیر ہے کہ جلدی
نہین کرتا یعنی صاحب حلم ہے کہ انتقام لینے مین جلدی نہین کرتا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ
مُحَمَّدٍ ش صَلِّ بفتح (صاد مہملہ) وکسر (لام مشدد) عَلٰی بفتح (عین مہملہ) و (لام) و
آخر (الف) ساکن حرف جار مُحَمَّدٍ بضم (میم) وفتح (حاے حطی) وفتح (میم مشدد) و (دال
مہملہ) مجرور تنوین کے ساتھ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ واو عطف اٰلِ بفتح (ہمزہ) وسکون (الف)
وکسر (لام) مجرور و مضاف و محمد مضاف الیہ اور اعراب اسکا بھی مثل اعراب
لفظ سابق کے ہے آل کی اصل اہل تھی (ہاے ہوز) کو (ہمزہ) سے بدل دیا (ءاہل) ہوا
دو ہمزہ پے در پے ائے دوسری (ہمزہ) کو (الف) سے بدل دیا اسکی تصغیر (اویل) ہے

اہیل، بضم اول و فتح ثانی و سکون ثالث و تنوین آخر ہے بعض اہل کمال نے تحقیق ال
مین فرمایا ہے کہ ال سے مراد وہ ہین جنکے رجوع طرف رسالتمآب کی ہے اور وہ دو قسم پر
ہین قسم اول وہ ہین جنکی رجوع طرف اوس جناب کے صوری جسمانی ہے مثل اولاد
و دیگر اقارب صوری اوس جناب کے کہ اونپر صدقہ شریعت محمدیہ مین حرام ہے اور قسم
دوسری وہ لوگ ہین جنکی رجوع طرف اوس جناب کے معنوی روحانی ہے اور وہ
اولاد روحانی ہین مثل علما اور اولیا اور حکمائے دینندار خدا پرست کی کہ فرمان بردار اوس
جناب کی ہین اور اس مین شک نہین کہ دوسری نسبت کو فوق ہے نسبت اول پر
اور جن مین کہ دونو نسبتین جمع ہون تو گویا اونمین نور ہے بالائے نور اور یہ امر مخصوص
ہائمہ اثنا عشر ہے کہ ان حضرات مین دونو قسم کی مرجعیت طرف اون حضرت کے کہ
یہ حضرات اولاد و اقربا ہے صوری جسمانی و معنوی روحانی دونو ہین اور جسطرح اولاد صوریہ
پر صدقہ ظاہریہ حرام ہے اوسیطرح اولاد معنوی پر صدقہ معنویہ کہ مراد اوس سے تقلید
غیر کی ہے علوم و معارف مین حرام ہے اور ظاہر ہے کہ ائمہ اطہار ع پر دونو طرح کے صدقہ
حرام تھے اور آل محمد سے مراد بوجہ اکمل ائمۂ اطہار ع ہین ترجمہ خداوندا درود بھیج تو اوپر
محمد و آل محمد کے **فائدہ** امام جعفر صادق ع سے منقول ہے کہ جو شخص صلوات بھیجتا
ہے محمد و آل محمد پر وہ گناہون سے قسم بخدا اسطرح باہر آتا ہے جسطرح بیگناہ شکم مادر سے
پیدا ہوا تھا اور جناب امام رضا ع سے کتاب عیون مین مروی ہے کہ مجلس مامون مین
آپنے طریقہ صلوات بھیجنے کا بیان فرمایا جسمین فقرہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ
مُحَمَّدٍ ہے مامون نے عرض کی اسپر تو اجماع امت کا ہے کہ صلوات رسول خدا پر مع
اونکی آل کے بھیجنا چاہیئے مگر اس سے زیادہ کوئی سند بارہ آل مین قرآن مین بھی موجود
ہے آپنے فرمایا کہ ہان پھر خطاب کیا آپنے طرف حضار مجلس کے کہ مجھے آگاہ کرو قول
خدا سے یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ مین یٰسٓ سے مراد کون ہے علما جو حاضر تھے اونھون

نے کہا کہ لیسین سے مراد حضرت محمد مصطفےؐ ہین اسمین کچھ شک نہین آپنے فرمایا کہ
حق تعالی نے عطا کیا اس راہ سے محمدؐ اور آل محمدؐ سبکو ایسی فضیلت کہ اوسکے کنہ وصف
انکو کوئی نہین دریافت کرسکتا مگر وہ جو صاحب عقل ہے خدا نے سلام نہین فرمایا سوائے
پیغمبرون کے اور کسیکو چنانچہ ارشاد فرمایا سلامٌ علی نوحٍ فی العالمین
وسلامٌ علی موسی وھارون وسلامٌ علی ابراھیم مگر آل پر
ان پیغمبرون کی سلام نہین فرمایا لیکن آل محمدؐ کے بارہ مین فرمایا سلامٌ علی
آل لیسین اور قریب اسی کے فخر رازی نے بھی تفسیر کبیر مین لکھا ہے کہ حق تعالی نے
پانچ چیزون مین ال رسول کو برابر رسول کے کیا سلام مین صلوات مین طہارت مین صدقہ
حرام ہونے مین محبت کرنے مین وَاجْعَلْنِی لِاَنْعُمِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ ش واو
عطف کہ ملایا گیا ہے (جیم) ساکن سے جو اجعلنی مین ہے اور (ہمزہ) مکسور اجعلنی
کا بسبب ملنے (واو) کے جیم مین پڑہنے کی حالت مین گرجاوے گا اور اجعلنی مرکب ہے
اجعل صیغۂ امر سے کہ فعل ہے اور اسمین ضمیر فاعل کی ہے اور (نون) وقایہ مکسور
اور (یاے متکلم) ساکن سے کہ وہ مفعول ہے لانعمک (لام) جار انعم بفتح (ہمزہ)
وسکون (نون) وضم (عین مہملہ) وکسر (میم) مجرور مضاف بطرف (کاف خطاب) مفتوح
کے انعم جمع ہے نعمت بکسر (نون) کے اور نعماء کے جو ممدود ہے بفتح (نون) اور
نعمت کے معنی دین کے اور اسلام وصحت وفراغ وامن وعافیت وثروت ورفاہ اور
جس چیز سے کہ انسان کو چین وخوشی حاصل ہوتی ہے مثل مال وغیرہ کے اور عطا اور
احسان اور جو کچھہ کہ خدا نے احسان کیا ہو اور عطا کیا ہو اور حدیث مین امام جعفر صادقؑ
سے منقول ہوا ہے کہ نعمت خدا سے مقصود اہلبیت وائمہ اطہارؑ ہین کہ خدا نے بسبب انکے
نعمت دی اپنے بندونکو اور جو لوگ کہ برحمت خدا وعنایت خدا فائز ہوئے انہین حضرات
کے طفیل سے فائز ہوے اور یہی وجہ ہے صلوۃ بھیجنے مین محمدؐ و آل محمدؐ کے اوپر قبل حاجت

طلب کرنیکے اور آیہ کریمہ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی
ورضیت لکم الاسلام دینا بھی جو روز عید غدیر بعد وصی کرنے حضرت امیر
خیبر گیر کے نازل ہوئی طرف اسیکے اشارہ ہے یعنی آج کے روز تمہارے دین کو ہمنے کامل
کیا اور نعمت کو اپنے تمپر تمام کیا اور پسند کیا ہمنے واسطے تمہارے دین اسلام کو من
الشاکرین بکسر (میم) و فتح (نون) کہ ملایا گیا ہے شاکرین کے (شین معجمہ) ہین کہ مشدد
و مفتوح ہے اور (الف) و (لام) قبل اوسکے ساکن ہے اور پھر (الف) بعد اوسکے ساکن ہے
اور (کاف) و (رائے) مہملہ مکسور اور (یاے) تحتانی ساکن و (نون) جمع مفتوح مصدر اس کا
شکر ہے اور شکر سے مراد ہے ویسا کام کرنا کہ جس سے تعظیم نعمت دینے والیکی بسبب اسکی
کہ اوسنے نعمت دی ہے اور احسان کیا ہے ظاہر ہوتی ہو خواہ وہ کام زبان سے کرے
خواہ دل سے خواہ ہاتھ پاؤن اعضا سے اور شکر نعمت کیوجہ سے ہوتا ہے چنانچہ حق سبحانہ
وتعالی الشانہ قرآن مجید مین فرماتا ہے ان ابراهیم کان امۃ قانتا للہ حنیفا
ولم یک من المشرکین شاکرا لانعمہ یعنی بتحقیق کہ حضرت ابراہیم امام و
پیشواے دین تھے جامع خصال حسنہ مطیع خدا راغب تھے طرف دین محکم کے کہ وہ
اسلام ہے خدا کا شریک کسیکو نہ جانتے تھے شکرگذار تھے حق تعالی کی نعمتونکے اور شکر
اور شکور بالضم مصدر ہے اور احتمال ہے شکور بالضم مین کہ وہ جمع ہو اور شکور
بالفتح صیغہ مبالغہ ہے معنی اوسکی کثرت سے شکر کرنیوالا اور جہانتک اوسمین طاقت
ہے اوسکا صرف کرنیوالا ہو شکر مین دل سے اور زبان سے اور ہاتھ پاؤن سے اور با انیہمہ
اعتراف کرنیوالا ہو عاجز ہونیسے اداے شکر مین اسلئے کہ توفیق شکر بھی ایک نعمت
ہے کہ اوسپر بھی شکر ہونا چاہیئے پھر اس شکر کا بھی شکر چاہیے الی غیر النہایہ اور اسیوجہ
سے شکور بالفتح کے یہی معنی بعضون نے کہے ہین کہ وہ شخص ہے کہ جو معترف بعجز ہو
اداے شکر سے فائدہ بعض مردم کہ احسان فراموش و اتباع محسن کش ہین بجا لاکر

شکر کے انکار کرتے ہین اور واسطے فریب دینے وگمراہ کرنے عوام کے یہ تقریرین کرتے
ہین **تقریر اوّل** یہ ہے کہ اگر شکر واجب ہو تو کوئی فائدہ بھی چاہیئے کہ اوس سے
حاصل ہو والا عبث ہوگا اور فعل عبث و بیفائدہ قبیح ہے اور ہم دیکھتے ہین کہ شکر مین
کوئی فائدہ نہین اگر یہ کہئے کہ خدا کا فائدہ ہے جسکا بندہ شکر بجالاتا ہے تو خداوند عالم
غنی بالذات ہے محتاج کسی فائدہ کا نہین اور اگر کہئے کہ بندہ کا کچھہ فائدہ ہے
تو اوسکو فائدہ کہان حاصل ہوتا ہے دنیا مین یا آخرت مین اگر کہئے کہ دنیا مین ملتا
ہے تو یہ غلط ہے اسلئے کہ ہم دیکھتے ہین کہ شکر کرنیوالیکو فقط مشقت بیفائدہ
ہوتی ہے کہ بعد ادائے واجبات کے اور تلاوت آیات کے یہ ایک محنت زائد شکر
کی ہوتی ہے اور دنیا مین کوئی نفع نہین دکھائی دیتا اور اگر مراد یہ ہے کہ نفع شکر کا
آخرت مین ہوگا تو یہ امر عقلی ہے اور عقل کو امور آخرت مین کچھہ دخل نہین **جواب**
اسکا یہ ہے کہ شکر کرنیوالیکو دنیا و آخرت دونو مقام پر فائدہ ہے **پہلا فائدہ**
یہ ہے کہ دنیا مین غضب اور عذاب حق تعالی سے محفوظ رہتا ہے اور دفع ضرر کو
جو بسبب شکر نکرنیکے اسکے لئے متصور ہے اپنے نفس سے کرتا ہے اور یہ فائدہ
کامل ہی حاصل کرنیسے نفع کے اور **دوسرا فائدہ** یہ ہے کہ مدح کا مستحق ہوتا
ہے بسبب ادائے شکر کے **تیسرا فائدہ** یہ ہے کہ نعمتین حق تعالی کی اسپر
بسبب شکر کے اور زیادہ ہوتی ہین چنانچہ خداوند عالم قرآن مجید مین فرماتا ہے **لئن
شکرتم لازیدنکم ولئن کفرتم ان عذابی لشدید** یعنی ہر آئینہ
اگر شکر کروگے تم میرا تو مین زیادہ کرونگا واسطے تمہارے اور ہر آئینہ اگر کفران نعمت
کروگے تم یعنی شکر نکروگے تم تو بہ تحقیق کہ عذاب میرا سخت ہے **تقریر دوسری** یہ ہے
کہ شکر کرنا تصرف ہے ملک غیر مین بدون اذن مالک کے اور تصرف کرنا کسی کے ملک
مین بدون اوسکی اجازت کے باعث عذاب اخروی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ چشم د

گوش و تمام اعضا و زبان و دل سب ملک خدا ہین اور اونکو کام مین لانا بدون
اجازت خدا کے باعث ہے عقاب کا اس لئے کہ شکر بدون اشیاے مذکورہ کے
نہین ہوسکتا **جواب لاجواب** یہ ہے کہ تصرف کرنا ملک غیر مین اوسوقت
منع ہے کہ تصرف کرنیسے اوسمین مالک کو ضرر پہونچے اور بُرا معلوم ہووے نہین
دیکھتے ہو کہ اگر کوئی شخص کسی کی دیوار کے سایہ مین دہوپ سے پناہ لیوے یا
کسیکی آگ جلائی ہوئی مین اپنے بدن کو گرم کرے تو اوسمین کوئی قباحت نہین ہے
حالانکہ یہ بہی تصرف ہے ملک غیر مین اور حق تعالی کہ مالک حقیقی ہے ضرر سے منزہ
اور پاک ہے اوسے کوئی چیز ضرر نہین پہونچا سکتی علاوہ اسکے خود اوسنے اجازت
دی تصرف کی اشیائے مذکورہ مین جب حکم شکر کا دیا چنانچہ آیۂ بالا سے جو جواب
تقریر اول مین مذکور ہوے ظاہر ہے اس لئے کہ شکر بدون ان اشیا کے اوا نہین
ہوسکتا **تقریر تیسری** یہ ہے کہ شکر مین استہزا و تمسخر لازم آتا ہے فرض کرو کہ
ایک شخص دستر خوان پر بادشاہ عظیم الشان کے حاضر ہوا اور بادشاہ نے اوسے
ایک لقمہ کہانیکا عطا کیا اوس شخص نے اسوجہ سے بادشاہ کو سجدہ کیا اور مجمع مردم
مین ثنا و صفت اوسکی کرنے لگا پس شک نہین اسمین کہ یہ بادشاہ کی استہزا ہے
اور بادشاہ اوسکو لائق سزا سمجھیگا اور خداوند عالم کہ بادشاہ حقیقی ہے اور دنیا او ما فیہا
اوسکے نزدیک ایک لقمہ سے بہی کمتر ہے اور نہایت حقیر ہے پس شکر کرنا انسان کا
اوسکی نعمت پر کہ نزدیک اوسکے کچھہ حقیقت نہین رکہتے تمسخر ہے بحال خداوند عالم
و باعث عذاب شدید ہے **جواب باصواب** یہ ہے کہ قیاس کرنا نعمت خدا
کا ایک لقمہ پر جو بادشاہ دنیا کے نزدیک حقیر ہے یہ قیاس شیطانی و باطل ہے اسلئے
کہ وہ لقمہ تو اس انسان کے نزدیک بھی حقیر ہے اور بادشاہ کے نزدیک بھی اور نعمت
حق تعالی اگرچہ بنظر بعظمت حق تعالی درگاہ خدا مین حقیر ہو لیکن ہمارے نزدیک تو وہ عظیم

ہے اسلئے کہ ہمکو احتیاج بشدت ہے طرف اوسکے پس اوس نعمت کے مقابل مین اگر
ہم شکرگزار نہون تو قابل مذمت پیش عقلا اور مستحق عقاب درگاہ خدا سے ہونگے چنانچہ
سزائے کفران نعمت اوسی آیہ کریمہ سے جو بجواب تقریر اول کے مذکور ہوئی ہے بہت
سختی کے ساتھ ثابت ہوئی ہے علاوہ اسکے جو مثال کہ تمنے لقمہ و بادشاہ کی دی وہ مناسب
اس مقام کی نہین مناسب اس مقام کی یہ مثال ہے کہ جب کوئی بادشاہ کہ مالک ہو
مشرق و مغرب زمین کا اور ایک فقیر کو قوت سال بھر کا عطا فرمائی اور حاجات اوسکے
برلاوے سالہاے قحط مین کہ جسمین ایک دوسرے کو لقمہ کرجاتا تھا اور کھالیتا تھا
اور وہ فقیر اوس بادشاہ کا شکر نکرے تو دیکھئے عقلا اوسکی کیسی مذمت کرتے ہین اور وہ
بادشاہ اوسکے اوپر کیسا خشمناک ہوتا ہے اور اسیوجہ سے حدیث مین وارد ہوا ہے
کہ خدا شکر کو بندہ کے قبول نہین فرماتا بعوض اپنے احسان کے اگر وہ بندہ شکرگزاری
نہین کرتا بندونکی بسبب انکے احسان کرنیکے اوسکے اوپر اور شکرگزارونکی خدانے
مدح فرمائی ہے اور فرمایا ہے وقلیل من عبادی الشکور یعنی میرے شکرگزار بندے
کم ہین ولآلائک من الذاکرین واو عطف کا الآئک بکسر (لام) و فتح (ہمزہ)
و (لام) و سکون (الف) و کسر (ہمزہ) و فتح (کاف) بمعنی نعمتون کے الاء جمع ہے آلی
بفتح (ہمزہ) و (لام) و سکون (الف) مقصورہ کے اور کبھی (ہمزہ) کو اسکے بکسر بھی کہتے
ہین اور غریب سے یہ ہے کہ بعضون نے کہا ہے کہ تینون حرکتین (ہمزہ) پر ہوسکتی ہین
الاء سے مراد ظاہری نعمت ہے اور نعماء سے مراد باطنی نعمت ہے اور اس یاد
کرنے مین نعمتونکے بجا آوری حکم حق تعالی اور امید فلاح دارین ہے چنانچہ حق تعالی
فرماتا ہے فاذکروا آلاء اللہ لعلکم تفلحون یعنی یاد کرو تم نعمتونکو خدا کی تاکہ
باعث شکرگزاری کا ہو کہ وہ موجب فلاح ہے کتاب کافی مین ہے امام جعفر صادق
علیہ السلام سے کہ مراد آلاء خدا سے عظیم ترین نعمتہاے خدا ہے خلق پر کہ وہ ولایت

اور محبت ہم اہلبیتؑ کی ہے مِنَ بکسر (میم) و فتح (نون) کہ وہ ملا ہے ذال سے الذَّاکِرِیْنَ
کے کہ جو بسکون (الف ولام) و فتح (ذال معجمہ مشدد) و سکون (الف) و کسر (کاف)
و (راے مہملہ) و فتح (نون) کی ہے ترجمہ اور گردانتو مجھے واسطے اپنی نعمتوں کے یاد
کرنیوالا اِلٰھِیْ وَکَمْ مِنْ بَاغٍ بَغَانِیْ بِمَکَائِدِہٖ بش اعراب لفظ الٰہی کا و کم من کا
سابق میں مذکور ہوا بَاغٍ بفتح (باے موحدہ) و سکون (الف) و کسر (غین معجمہ) بہ تنوین
بمعنی ظالم بَغَانِیْ بفتح (باے موحدہ) و (غین معجمہ) و سکون (الف) و کسر (نون)
و سکون (یاے تحتانی) بِمَکَائِدِہٖ بکسر (باے موحدہ) و فتح (میم) و (کاف) و سکون
(الف) و کسر (ہمزہ) و (دال مہملہ) و (ضمیر) ترجمہ خداوندا اور بہت سے ستم کرنیوالے
ظلم کیا انہوں نے مجھپر اپنے کیدونسے وَنَصَبَ لِیْ اَشْرَاکَ مَصَائِدِہٖ بش
(واو) حرف عطف نَصَبَ بفتح (نون) و (صاد مہملہ) و (باے موحدہ) لِیْ بکسر (لام)
و سکون (یاے تحتانی) اَشْرَاکَ بفتح (ہمزہ) و سکون (شین) و فتح (راے مہملہ) و سکون
(الف) و فتح (کاف) جمع ہے شَرَکَ بفتح (شین معجمہ) و فتح (راے مہملہ) بمعنی دام
مَصَائِدِہٖ بفتح (میم) و (صاد مہملہ) و سکون (الف) و کسر (ہمزہ) و (دال مہملہ) و (ضمیر)
جمع مصید بفتح میم کے ہے بمعنی شکار کے ترجمہ اور برپا کیا اوسنے واسطے
میرے اپنی شکاروں کے پھندوں کو وَوَکَّلَ بِیْ تَفَقُّدَ رِعَایَتِہٖ بش (واو) عطف
وَکَّلَ بفتح (واو) و (کاف مشدد) و (لام) توکیل سے بمعنی سپرد کرنیکے مجمع البحرین میں ہے
وکلتہ بامر کذا اور قاموس میں ہے وکل باللہ بتخفیف (کاف) اوسی معنی میں
بِیْ بکسر (باے موحدہ) و سکون (یاے تحتانی) تَفَقُّدَ بفتح (تاے فوقانیہ) و (فا) و ضم (قاف
مشدد) و فتح (دال مہملہ) بمعنی ڈھونڈھنے شئے گم شدہ کے رِعَایَتِہٖ بکسر (راے
مہملہ) و فتح (عین مہملہ) و سکون (الف) و فتح (یاے تحتانی) و کسر (تاے فوقانیہ)
و ضمیر بمعنی پاسبانی ترجمہ اور مقرر کیا مجھپر تلاش پاسداری اور لحاظ کا اپنی

یعنی اوسنے میری رعایت سے دست برداری کی اور چاہا کہ اپنی طرف مجھو ملجا اور مضطر کرے وَاَضْبَأَ اِلَیَّ اِضْبَاءَ السَّبُعِ لِطَرِیْدَتِہٖ اِنْتِظَارًا لِانْتِہَازِ فُرْصَتِہٖ ش واو عطف کا اَضْبَأَ بفتح (ہمزۂ اوّل) وسکون (ضاد معجمہ) وفتح (باے موحدہ) و(ہمزہ) ثانیہ اِلَیَّ بکسر (ہمزہ) وفتح (لام) و(یاے مشدد) اِضْبَاءَ بروزن افعال بکسر (ہمزہ) وسکون (ضاد معجمہ) وفتح (باے موحدہ) وسکون (الف) وفتح (ہمزہ) مصدر بمعنی کمین مین چہپکر بیٹھنا السَّبُعِ (الف) و(لام) دونو ساکن ہین وفتح (سین مہملہ) مشدد جسمین ہمزہ اضباء کا وصل ہوا ہے و(باے موحدہ) مضموم وکسر (عین مہملہ) بمعنی درندہ لِطَرِیْدَتِہٖ بکسر (لام) وفتح (طاے مہملہ) وکسر (راے مہملہ) وسکون (یاے تحتانی) وفتح (دال مہملہ) وکسر (تاے فوقانیہ) و(ضمیر) اِنْتِظَارًا بکسر (ہمزہ) وسکون (نون) وکسر (تاے فوقانیہ) وفتح (ظاے معجمہ) وسکون (الف) وفتح (راے مہملہ) مع التنوین لِانْتِہَازِ بکسر (لام) وحذف ہمزہ وسکون (نون) وکسر (تاے فوقانیہ) وفتح (ہاے ہوز) و(الف) ساکن وکسر (زائے معجمہ) فُرْصَتِہٖ بضم (فا) وسکون (راے مہملہ) وفتح (صاد مہملہ) وکسر (تاے فوقانیہ) و(ضمیر) ترجمہ اور تاک مین میری بیٹھا اور میرے لئے کمینگاہ مین ہوا جسطرح سے درندہ اپنے شکار کے درپے ہوتا ہے واسطے انتظار کرنے وقت فرصت کے اپنے شکار کشتہ کے لئے یعنی ہر وقت میری ایذا رسانی کا ڈہونڈہتا تہا وَھُوَ یُظْھِرُ لِیْ بَشَاشَۃَ الْمَلَقِ ش (واو) حالیہ یُظْھِرُ بضم (یاے تحتانی) وسکون (ظاے معجمہ) وکسر (ہاے ہوز) وضم (راے مہملہ) لِیْ بکسر (لام) وسکون (یاے تحتانی) بَشَاشَۃَ بفتح (باے موحدہ) وشین معجمہ و(الف) ساکن وفتح (شین معجمہ) ثانیہ و(تاے تانیث) کہ وصل ہوئی ہے لام مین الملق کے مَلَقِ بفتح (میم) و(لام) وکسر (قاف) بمعنی دوستی و نرمی کے اور بکسر (لام) اور بروزن کَتِفٌ کے کہ جو بفتح (کاف) وکسر (تاے فوقانیہ) و(فا ہے) بمعنی ضعیف

ترجمہ درحالیکہ تازہ روئی ظاہر کرتا تھا وہ وشگفتگی دوستانہ گویا شگفتہ رو ہوتا تھا مثل اوس ضعیف کے کہ اپنا دوست قوی پاوے یعنی ظاہر مین اظہار محبت کرتا تھا اور باطن مین درپے ہلاک کا تھا وَیَبْسُطُ لِیْ وَجْهًا غَیْرَ طَلِقٍ واو عطف یَبْسُطُ بفتح (یاے تحتانی) وسکون (باے موحدہ) وضم (سین مہملہ) و (طاے مہملہ) لِیْ بکسر (لام) وسکون (یاے تحتانی) وَجْهًا بفتح (واو) وسکون (جیم) وفتح (ہاے ہوز) مع التنوین غَیْرَ بفتح (غین معجمہ) وسکون (یاے تحتانی) وفتح (راے مہملہ) طَلِقٍ بفتح (طاے مہملہ) وکسر (لام) و (قاف) مع التنوین بمعنی تیز ترجمہ اور کشادہ کرتا تھا واسطے میرے منہ کو اپنے تیزی کہ خشونت وحدت وعبوست اوسمین نہوتی تھے یعنی بکشادہ پیشانی وخندہ روئے مجھسے پیش آتا تھا کہ اوس سے ناخوشی وگرفتگی ظاہر نہوتی تھی فَلَمَّا رَأَیْتَ دَغَلَ سَرِیْرَتِهٖ فَلَمَّا بفتح (فا) ولام و (میم مشدد) و (الف) ساکن رَأَیْتَ بفتح (راے مہملہ) وفتح (ہمزہ) وسکون (یاے تحتانی) و (تاے مثناۃ فوقانیہ) مفتوح دَغَلَ بفتح (دال مہملہ) و (غین معجمہ) و (لام) بمعنی فساد ڈالنے کے کسی کام مین سَرِیْرَتِهٖ بفتح (سین مہملہ) وکسر (راے مہملہ) وسکون (یاے تحتانی) وفتح (راے مہملہ) وفتح (تاے مثناۃ فوقانیہ) و (ضمیر) سریرہ بمعنی راز ترجمہ پس جبکہ دیکھا تونے خداوندا فساد وخبث باطن کو اوسکے وَقُبْحَ مَا انْطَوٰی عَلَیْهِ لِشَرِیْکِهٖ فِیْ مِلَّتِهٖ قُبْحَ بضم (قاف) وسکون (باے موحدہ) وفتح (حاے حطی) مَا بفتح (میم) وسکون (الف) کہ وصل اوسکے میم کا ہوا ہے نون مین جو ساکن ہے لفظ (انطوی مین) اور (الف) لفظ (ما) کا اور (ہمزہ) لفظ (انطوی) کا پڑھا نجاویگا انْطَوٰی (نون) ساکن وفتح (طاے مہملہ) و (واو) وسکون (الف) آخر مین عَلَیْهِ بفتح (عین مہملہ) و (لام) وسکون (یاے تحتانی) وکسر (ضمیر) لِشَرِیْکِهٖ بکسر (لام) وفتح (شین معجمہ) وکسر (راے مہملہ) وسکون (یاے تحتانی) وکسر (کاف) و (ضمیر) فِیْ بکسر (فا) وسکون (یاے تحتانی) مِلَّتِهٖ

بکسر (میم) و فتح (لام مشدّد) وکسر (تاے فوقانیہ) وکسر (ضمیر) **ترجمہ** اور بدی کو
اوس چیز کے کہ جو اوسکے باطن مین منقش ہوئے تھے واسطے اوسکے جو اوسکے دین
مین شریک تھا یعنی اوسنے اپنے شریک دینے کے لئے اوس بدی کا قصد کیا تھا
فائدہ اگر کوئی کہے کہ اکثر معاندین غیر اسلام ہوتے ہین پس یہ فقرہ کہ اوسنے
بدی مہیا کی واسطے اپنے شریک دینے کیونکر صادق آویگا **جواب** اسکا یہ ہی
کہ ہر شخص کی خلقت دین اسلام پر ہوتی ہے پس وہ بعد عقل و شعور کے تغیر دیتا ہی
اپنی خلقت مین اور کفر بخود اختیار کرتا ہے پس اصل خلقت کی راہ سے شریک فی الملّۃ
اوسکو کہہ سکتے ہین یا یہ کہا جاوے کہ ہر شخص کی خلقت معرفت خدا پر ہوتی ہے یعنی
ہر شخص اسکو جانتا ہے کہ خالق اوسکا خدا ہے پس اس جہت سے ایک دوسرے کا
شریک ہے چنانچہ منقول ہے کہ فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ و آلہ نے کل مولود یولد
علی الفطرۃ یعنی علی المعرفۃ بأن اللہ عزّ و جل خالقہ یعنی ہر طفل پیدا ہوتا ہے
فطرت پر فطرت سے مقصود معرفت خدا ہے یعنی وہ پہچانتا ہے اس امر کو کہ حق تعالیٰ
اوسکا خالق ہے اور ملّت اصل مین وہ ہے کہ جو حق تعالیٰ نے اپنے بندون کے لئے
احکام مقرر فرمائے زبان مبارک انبیا پر کہ اوسکے ذریعہ سے فائز تقرب خدا ہو وین پس
غیر ملۃ اسلامیہ بھی اون احکام کی مکلّف ہو جاوینگے من جانب اللہ گو عمل مین نلا دین
اور عمل مین لانا اونکا بحال کفر اونسے صحیح نہو پس اس راہ سے بھی وہ شریک فی الملۃ مین
وَاَصْبَحَ مُجَلِّبًا اِلَیَّ فِیْ بَغْیِہٖ **ش** واو عطف کا اَصْبَحَ بفتح (ہمزہ) و سکون صاد مہملہ
و فتح (باے موحدہ) و حاے حطی، مُجَلِّبًا بضم (میم) و سکون (جیم) و کسر (لام) و فتح باے
موحدہ مع التنوین مشتق ہے اجلب لاھلہ سے جسکے معنی احتمال کے ہین یعنی حیلہ کیا یا
مجلبا بتشدید لام مشتق ہے جلب سے جو معنی **صوت** کے ہے یعنی باواز بلند صدا دے
اِلَیَّ مرکب ہے الی بکسر ہمزہ و فتح (لام) و یاے متکلم سے جو مشدد ہے اور مفتوح ہے الی

کسر ہمزہ و فتح (لام) و سکون (الف) اس مقام پر بمعنی (لام) کے معنی مین ہے بنا بر احتمال اول
کے یا بمعنی عند ہے بنا بر احتمال ثالث کے فی بکسر (فا) و سکون (یاے تحتانی) حرف جار بَغْیِہٖ
فتح (باے موحدہ) و سکون (غین معجمہ) و کسر (یاے تحتانی) و ضمیر اُسْکی ترجمہ اور صبح کی اوسنے
در حالیکہ حیلہ کرنیوالا تھا واسطے میرے ظلم مین اپنے یا آواز بلند کرتا تھا نزدیک میرے اپنے ظلم مین
یعنی بہانا ڈھونڈھتا تھا واسطے میرے اپنے ظلم کرنے کا یا آواز اپنی بلند کرتا تھا اپنے ظلم کرنے مین
نزدیک میرے کارْکَسْتَہٗ لِاُمِّ رَاسِہٖ اَرْکَسْتَہٗ بفتح (ہمزہ) و (راے مہملہ) و فتح
(کاف) و سکون (سین مہملہ) و فتح (تاے فوقانیہ) و ضم (ضمیر) مشتق ہے ارکاس سے کہ
جسکے معنی اولٹا کر دینے کے ہین یعنی اول کو شے کے آخر کیطرف کر دینا لِاُمِّ بکسر (لام)
و ضم (ہمزہ) و کسر (میم) مشدد رَاسِہٖ بفتح (راے مہملہ) و سکون (الف) و کسر (سین) و
ضمیر اسکی ترجمہ یعنی منہ کے بل اوسکو گرایا تونے کہ سرنگون ہو گیا وَاَتَیْتَ بُنْیَانَہٗ مِنْ
اَسَاسِہٖ (واو) عطف کا اَتَیْتَ بفتح (ہمزہ) و فتح (تاے مثناۃ فوقانیہ) و سکون (یاے
تحتانی) و فتح (تاے ضمیر) مخاطب مشتق ہے اتیان سے جو بمعنی آنیکے ہے بُنْیَانَہٗ
ضم (باے موحدہ) و سکون (نون) و فتح (یاے تحتانی) و سکون (الف) و فتح (نون) و ضم (ضمیر)
یعنی دیوار مِنْ بکسر (میم) و سکون (نون) اَسَاسِہٖ بفتح (ہمزہ) و (سین) و سکون (الف)
و کسر (سین مہملہ) و ضمیر بمعنی بیخ نیز ترجمہ اور منہدم کیا تونے دیوار کو اوسکی جڑ سے یعنی
نیست و نابود کیا تونے اوسے کما قال اللہ تعالیٰ اَتَی اللّٰہُ بُنْیَانَھُمْ مِنَ الْقَوَاعِدِ
یعنی خدا نے اونکو ہلاک کیا پس اونکا حال مثل اون لوگون کے ہوا کہ اونہون نے دیوار بنائی
اور ستون پر اوسے قائم کیا اور وہ ستون ضعیف اور پست ہو گئے پس سقف اونپر گر پڑی اور
